# تبصرہ

نام کتاب : " منع الصالحات عن حضور الجماعات

مؤلف : شیخ طریقت عارف باللہ حضرت مولانا حکیم محمد اسلام صاحب انصاری دامت برکاتہم

قیمت : مندرج نہیں ہے۔

ملنے کا پتہ : جامعہ عربیہ نورالاسلام، شاہ پیرگیٹ میرٹھ شہر (یوپی)

مذکورہ بالا کتاب، ملتِ اسلامیہ کے لئے دینی جذبہ سے ایک اہم دینی موضوع پر شائع کی گئی ہے۔

مساجد میں عورتوں کا جانا درست ہے یا نہیں؟ یہ ایک اہم مسئلہ آجکل ملتِ اسلامیہ میں بہت زور پکڑے ہوئے تھا اس مسئلہ کی اہمیت و نزاکت کا خیال کرتے ہوئے ملتِ اسلامیہ کے ایک دردمند عالم دین حضرت مولانا حکیم محمد اسلام صاحب انصاری مہتمم جامعہ عربیہ نورالاسلام شاہ پیرگیٹ میرٹھ شہر نے احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں ٹھوس و مدلل دلائل پیش کئے ہیں جس سے عام مسلمان کی بھی سمجھ میں یہ بات بیٹھ جائے کہ "مسجدیں خانہ خدا ہیں اور یہ صرف عبادت کے لئے ہیں۔ بندۂ خدا، خدا کی بندگی میں فنا فی اللہ ہے ایسے میں کوئی صنفِ نازک اپنے حسن وجمال و آرائش کے ساتھ مسجد میں داخل ہوتی ہے اور عبادتِ الٰہی میں مستغرق بندہ کی نظر اس کے حسن وجمال پر اتفاق سے پڑ جائے تو عبادت الٰہی میں خلل واقع ہونا قدرتی بات ہے اور یہی بات خواتین کے خانۂ خدا میں داخلہ میں مانع ہے۔

یہ اہم مسئلہ کی بات، عام مسلمانوں کی فہم وسمجھ میں لانے کے لئے کتاب منع الصالحاتِ عن حضور الجماعات شائع کی گئی ہے جو اس مسئلہ کے حل کے لئے تیر بہدف ثابت ہوگی۔